

# ۱۔ ہمارے آس پاس

بتاؤ تو بھلا!


یہ تمام چیزیں تم یقیناً پہچانتے ہو۔ یہ چیزیں کس شے سے بنی ہیں؟
یہ اشیا کہاں پائی جاتی ہیں؟ ان کے استعمال لکھو۔






اس تصویر کی چیزوں کو بھی تم پہچان سکتے ہو۔
یہ چیزیں کہاں ملتی ہیں؟ ان کے استعمال لکھو۔

## • آؤ آس پاس نظر ڈالیں



ہمارے آس پاس ان گنت اشیا موجود ہیں۔ ان تمام سے مل کر ہمارا ماحول بنتا ہے۔
اس میں مٹّی، پتھر، کنکر پائے جاتے ہیں۔ ندی، نالے، تالاب موجود ہیں۔ ہوا ہے۔ پہاڑ اور ٹیکریاں ہیں۔ سنسان و بیابان جنگلات ہیں۔ کھیت، گھر اور راستے بھی ہیں۔ مختلف قسم کے جانور ہمارے اطراف پائے جاتے ہیں۔ مختلف قسم کے درختوں، جھاڑیوں اور بیلوں سے ہمارا ماحول سجا ہوا ہے۔ ہم بھی ماحول کا ایک حصہ ہی ہیں۔

## ● چڑیا اور راستے میں پڑا ہوا پتّھر



اب ہم اپنے ماحول میں موجود ایک پتّھر اور ایک چڑیا کا موازنہ کریں گے۔
پتّھر جہاں ہے وہیں پڑا رہے گا۔ اسے کسی نے اُٹھا کر کہیں رکھا تب ہی اس کی جگہ تبدیل ہوگی۔ پتّھر کچھ کھاتا نہیں اس لیے اس کی بڑھوتری بھی نہیں ہوگی۔ پتّھر بچوں کو جنم نہیں دیتا۔

چڑیا اس سے مختلف ہے۔ چڑیا گھونسلا بناتی ہے۔ اس کے لیے چڑیا خود ادھر ادھر جاتی ہے۔ چڑیا کیڑے اور اناج کے دانے کھاتی ہے۔ ان کو کھانے سے چڑیا میں بڑھوتری ہوتی ہے۔



چڑیا گھونسلے میں اَنڈے دیتی ہے۔ اَنڈوں سے بچّے نکلتے ہیں۔ چڑیا ان کی اچھّی طرح دیکھ بھال کرتی ہے۔


## چڑیا اور پتّھر کے درمیان یہ فرق کیوں نظر آتا ہے؟

چڑیا جاندار ہے اور پتّھر بے جان۔

● ہمارے اطراف پائی جانے والی چیزوں کے دو گروہ ہیں؛
**جاندار چیزیں اور غیر جاندار چیزیں۔**

جانداروں کے بھی دو گروہ ہوتے ہیں؛ **نباتات اور حیوانات۔**

جس طرح حیوانات بچّوں کو جنم دیتے ہیں اسی طرح بیجوں سے پودے اُگتے ہیں۔ وہ نباتات کے بچّے ہی ہیں۔ پودوں کی بڑھوتری ہوکر وہ چھوٹے سے بڑے ہوتے ہیں۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ نباتات جاندار ہیں۔




نباتات حرکت بھی کرتے ہیں۔ کلی سے پھول بننے میں بند پنکھڑیاں کُھلتی ہیں لیکن نباتات میں تمام حرکات آسانی سے نظر نہیں آتیں۔ پودوں کو بھی غذا کی ضرورت ہوتی ہے۔

نباتات حیوانات کی طرح ایک جگہ سے دوسری جگہ نہیں جاسکتے۔ وہ جڑ کے سہارے سے ایک ہی جگہ قائم رہتے ہیں۔ نباتات اور حیوانات میں یہ ایک بڑا فرق ہے۔



### بتاؤ تو بھلا!

بتاؤ کہ تصویر میں دی گئی چیزیں جاندار ہیں یا بے جان۔
اگر وہ جاندار ہیں تو نباتات ہیں یا حیوانات۔








### آؤ دماغ پر زور دیں

- ریل کا انجن ایک جگہ سے دوسری جگہ جاتا ہے۔ یہ جاندار ہے یا بے جان؟
- جاندار درخت کی لکڑی سے کرسی تیار کی گئی۔ وہ جاندار ہے یا بے جان؟



### بتاؤ تو بھلا!

- تمھارے ماحول میں کون کون سے پرندے نظر آتے ہیں؟
- پتھر کے ذریعے تیار کی گئی کون کون سی چیزوں کے بارے میں تم جانتے ہو؟

## • ماحول کے تمام اجزاء کا ایک دوسرے سے تعلق


پانی اور ہوا ماحول ہی کے اجزاء ہیں۔ ہر جاندار کو ان کی ضرورت ہوتی ہے۔ اسی طرح تمام جانداروں کو غذا کی بھی ضرورت ہوتی ہے۔ یہ غذا انھیں ماحول ہی سے حاصل ہوتی ہے۔



زندہ رہنے کے لیے دوسری چیزیں بھی جانداروں کو ماحول ہی سے ملتی ہیں۔ پرندے گھونسلے بناتے ہیں جس کے لیے پرندوں کو کپاس، تنکے، دھاگے وغیرہ درکار ہوتے ہیں۔ وہ انھیں ماحول ہی سے حاصل ہوتے ہیں۔

انسان ماحول سے کئی چیزیں حاصل کرتا ہے۔ کپاس، اؤن، ریشم ماحول ہی سے ملتے ہیں۔ ان سے ہم کپڑے بُنتے ہیں۔






چٹائیاں، ٹوکریاں، بیاض کے کاغذ جیسی چیزیں انسان ماحول سے حاصل ہونے والی اشیا سے بناتا ہے۔ گھر بنانے کے لیے درکار مٹّی، پتّھر اور لکڑی انسان کو ماحول ہی سے ملتی ہیں۔

چند نباتات کے بیج ہوا کے ذریعے منتشر ہو جاتے ہیں جس کی وجہ سے مختلف جگہوں پر ان نباتات کے نئے پودے اُگ آتے ہیں، یعنی نباتات کو بھی ماحول سے مدد ملتی ہے۔


جاندار ماحول سے جو چیزیں حاصل کرتے ہیں اس کا ماحول پر کیا اثر ہوتا ہوگا؟

مردہ جانوروں کا گوشت گدھ، لومڑی وغیرہ جانور کھاتے ہیں۔ وہ اپنا پیٹ بھی بھرتے ہیں اور ماحول کو بھی صاف ستھرا رکھتے ہیں۔

مردہ جانوروں کا بچا ہوا حصّہ سڑتا ہے اور مٹّی میں مل جاتا ہے۔

درختوں کے پتّے گرتے ہیں اور مٹّی میں گر کر سڑ جاتے ہیں جس کی وجہ سے مٹّی زرخیز ہوتی جاتی ہے۔ یعنی بے جان چیزوں میں بھی جاندار چیزوں کی وجہ سے تبدیلی پیدا ہوتی ہے۔

## کیا تمھیں معلوم ہے؟



بھیڑ کے جسم پر بڑے بڑے بال ہوتے ہیں۔ یہ جھاڑیاں کھاتی ہے۔ اس دوران چند پودوں کے بیج اس کے بالوں میں اَٹک جاتے ہیں۔ بھیڑ جب دوسرے مقام پر جاتی ہے تو وہ بیج وہاں گر جاتے ہیں۔ اس وجہ سے مختلف مقامات پر نباتات کے نئے پودے تیار ہوتے ہیں۔ یعنی جاندار اور نباتات دونوں ہی ایک دوسرے کی مدد کرتے ہیں۔

## ہم نے کیا سیکھا؟

* ہمارے ماحول میں کئی چیزیں ہیں۔ کچھ بے جان ہیں، کچھ جاندار ہیں۔
* جاندار خود حرکت کرتے ہیں۔
* جانداروں کو غذا کی ضرورت ہوتی ہے۔ غذا کھانے سے ان کی بڑھوتری ہوتی ہے۔ ان سے انھی کی طرح جاندار تیار ہوتے ہیں۔
* جانداروں میں کچھ حیوانات ہوتے ہیں تو کچھ نباتات۔
* جانداروں کی تمام ضروریات ماحول سے پوری ہوتی ہیں۔
* غیر جاندار چیزوں میں بھی جانداروں کی وجہ سے تبدیلی ہوتی ہے۔
* ماحول کے تمام اجزاء ایک دوسرے پر انحصار کرتے ہیں۔

## اسے ہمیشہ ذہن میں رکھیں!

ماحول سے حاصل ہونے والی چیزوں ہی سے تمام جانداروں کی ضرورتیں پوری ہوتی ہیں۔ ایسی چیزیں ضائع نہ کریں۔ اس کا خیال رکھیں کہ ہمارے ذریعے ماحول کو نقصان نہ پہنچے۔



## مشق

### الف) کیا کریں گے بھلا!

- گزشتہ سال کی بیاضوں میں کئی کورے صفحات بچ گئے ہیں۔

### ب) تصویر بناؤ!

- مکڑی کے جالے کی تصویر بناؤ۔ وہ جالا کیوں بناتی ہے، معلومات حاصل کرکے تصویر کے نیچے لکھو۔

### ج) آؤ دماغ پر زور دیں!

(۱) کپاس کے کون کون سے استعمال ہیں؟

(۲) چپلیں کس شے سے بنتی ہیں؟

(۳) قریب سے تیز آواز آنے پر چڑیا کیا کرے گی؟ پتھر کیا کرے گا؟

(۴) چھپکلی کیا کھاتی ہے؟

(۵) تمھارے مکان میں موجود لکڑی کے ذریعے بنی ہوئی چیزوں کی فہرست بناؤ۔

(۶) کون کون سے جانور چوہے کھا کر پیٹ بھرتے ہیں؟

### د) خالی جگہ پُر کرو۔

(۱) کسی نے اُٹھا کر کہیں رکھا تب ہی پتھّر کی جگہ............... ہوگی۔

(۲) کپاس، اون اور ریشم سے ہم ............... بُنتے ہیں۔

(۳) درختوں کے پتّے............... ہیں اور مٹّی میں گر کر سڑ جاتے ہیں۔

### ہ) نیچے دیے ہوئے سوالوں کے جواب لکھو:

(۱) انسان کو ماحول سے کون کون سی چیزیں ملتی ہیں؟

(۲) نباتات کو ماحول سے کس طرح مدد ملتی ہے؟

(۳) جنگل کی مٹی کس کی وجہ سے زرخیز ہوتی ہے؟

### و) نیچے دیے ہوئے جملے صحیح ہیں یا غلط، لکھو:

(۱) چند نباتات کے بیج ہوا کی وجہ سے منتشر ہوتے ہیں۔

(۲) نباتات، غیر جاندار ہیں۔

(۳) کیڑے اور اناج کے دانے کھانے سے چڑیا میں بڑھوتری ہوتی ہے۔

### سرگرمی

- حیوانات اور نباتات کے تعلق سے کئی تہوار منائے جاتے ہیں۔ تمھارے علاقے میں ایسے کون سے تہوار منائے جاتے ہیں؟ وہ کس طرح مناتے ہیں؟ اس تعلق سے معلومات حاصل کرو۔

***